ادارہ



تعارف وتبصرہ کتب

کتاب: ایک آنکھ والا دجال مؤلف: ڈاکٹر گوہر مشتاق ضخامت: ۱۲۰ رصفحات قیمت: ۷۵ روپے

ناشر: ادارہ بتول F-14 سید پلازہ 30 فیروز پور روڈ لاہور

ڈاکٹر گوہر مشتاق صاحب ملک کے معروف سکالر اور کئی علمی و تحقیقی کتابوں کے مصنف ہیں۔آپ نے جس موضوع پر بھی قلم اٹھایا اس کے تمام مشمولات اور محتویات پر سیر حاصل تبصرہ کیا۔یہی وجہ ہے کہ آپ کی تصنیف کردہ کتابوں کی مختصر عرصہ میں کئی کئی اشاعتیں اور ایڈیشن نکل گئیں۔اور اسی طرح آپ کی تالیفات وتصنیفات کا علمی دنیا میں بھرپور خیر مقدم کیا گیا۔زیر تبصرہ کتاب آپ کے ان مقالات ومضامین کا مجموعہ ہے جو ماہنامہ ''بتول'' میں وقتاً فوقتاً شائع ہوتے رہے اس کتاب میں ان مسائل پر بحث ہے جو انسان اور دجالی تہذیب سے تصادم سے پیدا ہوتے ہیں یہ بحث قرآن و حدیث اور جدید سائنس کی روشنی میں کی گئی ہے کیونکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ فکری میدان میں نہ صرف دنیا کے دوسرے مذاہب بلکہ جدید سیکولر نظام بھی اسلام کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔کتاب بارہ مضامین پر مشتمل ہے جس میں ہر مقالہ قاری کو نہ صرف دلچسپ معلومات فراہم کررہا ہے بلکہ اس کو دعوت فکر بھی دے رہا ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ یہ کتاب پڑھے لکھے طبقے تک پہنچائی جائے تاکہ اس سے کافی تعداد میں لوگ مستفیض اور مستفید ہوسکیں۔

کتاب: تحفۃ الائمہ مؤلف: محمد حنیف عبدالمجید ضخامت: ۷۸۲ صفحات قیمت: درج نہیں

ناشر: بیت العلم ٹرسٹ گلشن اقبال کراچی

زیر تبصرہ ضخیم کتاب میں ائمہ مساجد کی صفات ان کے لئے بزرگان دین کے نصائح آداب وعظ، مسجد کی ذمہ داریاں، اتفاق کی اہمیت مقتدیوں کی تعلیم وتربیت اور ان کی دعوت وتبلیغ کی ذمہ داریوں سے بحث کی گئی ہے۔ان کے علاوہ دیگر معلومات بھی اس کتاب میں وافر تعداد میں موجود ہیں۔جس کے مطالعہ سے قاری اکتاہٹ محسوس نہیں کرتا۔کتاب کی ثقاہت کے لئے شیخ الحدیث مولانا سلیم انور خان صاحب مدظلہ کی یہ شہادت کافی ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ مفتی مولانا محمد حنیف صاحب نے تحفۃ الائمہ کے نام سے ۷۸۲ صفحات کی ایک بیش قیمت کتاب تالیف فرمائی ہے۔یہ کتاب باقاعدہ حوالوں کے ساتھ اکابر واسلاف کی تحریروں پر مشتمل ہے،یہ تحفہ صرف ائمہ مساجد کے لئے مفید نہیں۔ان شاء اللہ دوسرے علماء وطلباء اور عام مسلمان بھی اس کے مطالعے سے مستفید ہوں گے۔